# آپ کے بچے کے لیئے  مختصر وقفے کی دیکھ بھال

**ای اےسی ایچ  تمام دیکھ بھال کو یقینی بنانے کے لیئے خاندان پرمرکوز ، ضروریات پرمبنی دورس نگاہی کی پیش کش کرتاہےتاکہ آپ کے بچے کی ضروریات کو پورا کرنےکےعمل کویقینی بنایاجائے، چاہے یہ  نفسیاتی، جسمانی، جذباتی، سماجی یا روحانی ہوں ۔ نگہداشت کی فراہمی گھر سمیت مختلف اداروں  میں ہوسکتی ہے۔ اور ہاسپس   میں۔**

دیکھ بھال اور معاونت  قابل  نرسوں، کلینیکل  یعنی طبی نرس، ماہرین، مشیروں، نگہداشت کے معاونین، کھیل کے ماہرین، موسیقی کے تھراپسٹ یعنی معالج، آرٹ  تھراپسٹ  یعنی معالج، فزیوتھراپسٹ یعنی  معالج ، پیشہ ورانہ تھراپسٹ یعنی معالج ، خاندانی  تھراپسٹ یعنی معالج ، ایک ماہر نفسیات، روحانی دیکھ بھال کے مشیروں، چیپلن یعنی پادری ، باورچیوں اور ہاؤس کیپنگ کے عملے یعنی گھریلو امور کو سنبھالنے والے عملے ، اور ایک کنسلٹنٹ نرس کی طرف سے فراہم کی جاتی ہے۔

ای اے سی ایچ  متعلقہ صحت اور سماجی دیکھ بھال کے کورسز  جیسے نرسنگ، پیشہ ورانہ تھراپی، موسیقی کی تھراپی اور آرٹ تھراپی پر تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کو تعلیمی پلیسمنٹ  فراہم کرتا ہے۔ طلباء  ای اے سی ایچ کے  عملے کی نگرانی میں آپ کے بچے کی دیکھ بھال میں حصہ لے سکتے ہیں۔

گھر پر طبی خدمات آپ کے جی پی کی طرف سے اور ہاسپس یعنی مریض خانے میں ہماری مقامی جی پی سروس کی طرف فراہم کیا جانا جاری رہتا ہے۔ نگہداشت کی ٹیم آپ کے خاندان کی معاونت میں شامل دیگر پیشہ ور افراد کے  درمیان  رابطہ کرتی ہے، جیسے  کہ آپ کے بچے کے میڈیکل کنسلٹنٹ یعنی طبی مشیر، کمیونٹی فزیوتھراپسٹ یا سکول ۔

جیڈن کے والد:

"جیڈن کی دیکھ بھال بہت پیچیدہ ہے اور اسے 24/7 نگرانی کی ضرورت ہے کیونکہ وہ خود سے زیادہ دیر تک سانس لینے سے قاصر ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ والدین کے طور پر ہمارے لیئے دباؤ ہے اور اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم بہت کم ہی ایک      مناسب  رات کی نیند حاصل کرتے ہیں جس کی وجہ سے جو وقت ہم  ای سے سی ایچ  میں صرف  کرتے ہیں وہ انمول ہے۔"چونکہ جیڈن کی حالت غیر تشخیص شدہ ہے اور اس کی ضروریات بہت پیچیدہ ہیں، اس کی دیکھ بھال کے لیئے ایک پیچیدہ معمول ہے۔

اس کے پاس بہت زیادہ طبی سازوسامان ؛ وینٹی لیٹرز، نیبولائزرز، آکسیجن سلنڈرز، ایمرجنسی ریسیسیٹیشن کٹس اور سکشن مشینیں،ہے جس کا مطلب ہے کہ کہیں بھی جانے کے لیے تیار ہونے میں کافی وقت لگتا ہے۔ سازو سامان استعمال کرنا بھی بھی پیچیدہ ہے اور اسے استعمال کرنے کے لیئے، ہم والدین کے ساتھ ساتھ ای اے سی ایچ کے عملے کو بہت زیادہ تربیت کی ضرورت ہے۔"

ٹائلر کی ماں:

"ٹائلر تازہ ہوا میں باہر رہنا پسند کرتا ہے لہذا ووڈ لینڈ یعنی جنگل کاعلاقہ بہترین ہے۔ وہ خاص طور پر رو آف چیمز ( قطار میں لگی گھنٹیوں کی جھنکار) سے محبت کرتا ہے جو گانا بجاتے ہیں اور وہیل چیئر جُھلاتے ہیں۔ ٹائلر کے لیئے موسیقی بہت اہم ہے اور وہ واقعی ہوا میں لگی گھنٹیوں کی جھنکار کے ساتھ کھیلنے سے لطف اندوز ہوتا ہے۔

بوبی کی ماں:

میں بوبی کو ہاسپس یعنی مریض خانے سے باہر پلے گروپس میں نہیں لے جاسکتی کیونکہ وہ اس کی ضروریات کے لیئے تیار نہیں ہیں۔ وہ روشنی، آوازوں اور چھونے والی اشیاء کے ساتھ حسی کمروں سے محبت کرتا ہے۔ وہ مسکراتا ہے، آوازیں نکالتا ہے اور بات چیت کرنے میں اس کی مدد کرنے کے لیئے اپنے ٹانگوں کو حرکت دیتا ہے۔

### آپ کے بچے کی دیکھ بھال کے لیئے منصوبہ بندی

ہم آپ کے بچے کے لیئے صحیح دیکھ بھال فراہم کرنے کے لیئے آپ کی مہارت، امیدوں اور خواہشات کے ذریعے راہنمائی پاتے ہیں . اس وجہ سے، ہمیں مختلف سوالات کا سلسلہ پوچھنے اور آپ کے بچے اور خاندان کے متعلق کچھ کافی تفصیلی معلومات جمع کرنے کی ضرورت ہے۔
اِس سے پہلے کہ ای اے سی ایچ کے دیکھ بھال فراہم کر سکے ہم متعدد دستاویزات کو مکمل کرنے کے لیئے آپ سے ملنے کا انتظام کریں گے ، جس میں نگہداشت کی تشخیص اور نگہداشت کی منصوبہ بندی شامل ہے۔ یہ ملاقات دو گھنٹے تک جاری رہ سکتی ہے جس کا انحصار معلومات کی مقدار اور قسم پر ہوتا ہے جس کی ہمیں آپ کے بچے / خاندان کے لیئے محفوظ طریقے سے دیکھ بھال کرنے کی ضرورت ہے۔ ہماری دیکھ بھال کے ریکارڈ الیکٹرانک طریقے سے رکھے جاتے ہیں اور اگر آپ چاہیں تو دیگر دیکھ بھال فراہم کرنے والوں کے ساتھ تبادلۂ خیال کیا جا سکتا ہے - لیکن صرف آپ کی رضامندی کے ساتھ۔

### نگہداشت کے منصوبے

ہمارا عملہ آپ کے ساتھ مل کر کام کرے گا تاکہ آپ کے بچے کی گھر پر یا ہاسپس یعنی مریض خانے میں دیکھ بھال کی محفوظ ترسیل کو یقینی بنانے کے لیئے منصوبوں کا ایک مجموعہ مکمل کیا جاسکے۔ یہ منصوبے دیکھ بھال کے وسیع سلسلے کا احاطہ کرتے ہیں، مثال کے طور پر کھانے، پینے، سونے، نقل و حرکت، اخراج، سانس لینے اور تنفس، گیسٹرواسٹومی ٹیوب اور کھانا کھلانے کے نظام کی دیکھ بھال، کسی بیماری کے اچانک حملے کا انتظام، درد کے انتظام، آپ کے بچے کو محفوظ طریقے سے منتقل کرنے اور سنبھالنے، اور جذباتی اور روحانی مدد کی ضروریات۔ وہ اس بات کو یقینی بنانے کے لیئے ترتیب دیئے جاتے ہیں کہ ہماری دیکھ بھال آپ کے بچے اور ان کے معمول کے معمولات کے مطابق ہے۔ ہر دیکھ بھال کے دورانیہ سے پہلے آپ کے ساتھ منصوبوں کا جائزہ لیا جائے گا، اور عملے کی طرف سے آپ کے بچے کی ضروریات کے ساتھ مبابقت رکھنے اور محفوظ اور مسلسل دیکھ بھال کو یقینی بنانے کے لیئے استعمال کیئے جاتے ہیں ۔

### ذاتی بحالی کا منصوبہ

ہمیں ایک منصوبہ بندی کرنے کی ضرورت ہے جو یہ بیان کرتا ہے کہ اگر آپ کا بچہ بیمار ہوجاتا ہے یا ہماری دیکھ بھال کے دوران بحالی کی ضرورت ہوتی ہے تو ہم کیا کرتے ہیں۔ اس منصوبے کو آپ اور آپ کے بچے (اگر مناسب ہو تو ) کے ساتھ متفق ہونا ہوتا ہے اور آپ کے بچے کے مرکزی کنسلٹنٹ کے ذریعہ دستخط کیے جاتےہیں ۔

### سرگرمیوں کے لیئے رضامندی

نگہداشت کی منصوبہ بندی کے حصے کے طور پر، آپ سے پوچھا جائے گا کہ کیا آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا بچہ ایسی سرگرمیوں میں حصہ لے ۔ جیسے ہاسپس سے دور گھومنا۔ کبھی کبھار، ہم اپنی مارکیٹنگ کی سرگرمیوں میں تصاویر استعمال کرنے کے لیئے آپ کی رضامندی بھی حاصل کرسکتے ہیں۔

### آپ کے گھر میں آپ کے بچے کی دیکھ بھال

ہم آپ کے بچے کے لیئے گھر پر دیکھ بھال اور مدد فراہم کر سکتے ہیں۔ نگہداشت کی مقدار آپ کی تشخیص شدہ ضروریات اور خدمات کی متفقہ تفویض پر منحصر ہوگی۔ ہم آپ کی ترجیحات، تشخیص شدہ ضرورت اور عملے کی دستیابی کے مطابق، دن یا شام ، ہفتے کے دنوں یا ہفتے کے آخر ی دنوں کے دوران دیکھ بھال پیش کرتے ہیں۔

## ہاسپس یعنی مریض خانے میں آپ کے بچے کی دیکھ بھال

ہمارے ہاسپس ایک گھریلو ماحول پیدا کرنے کے لیئے ترتیب دیئے جاتے ہیں کیا گیا ہے جو مختلف قسم کی ضروریات والے بچوں کی دیکھ بھال کے لیئے موزوں ہیں ۔ ہم ہاسپس یعنی مریض خانے میں رات بھر کے مختصر قیام کے وقفے اور دن کی دیکھ بھال فراہم کرتے ہیں۔ نگہداشت کی مقدار آپ کی تشخیص شدہ ضروریات اور خدمات کی متفقہ تفویض پر منحصر ہوگی۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے بچے کو ہاسپس یعنی مریض خانے میں دیکھ بھال ملے تو ، آپ کا خاندان یہ منتخب کرسکتا ہے کہ آیا ان کے ساتھ ہاسپس یعنی مریض خانے میں رہنا ہے یا نہیں اور آپ اپنے بچے کی کتنی دیکھ بھال فراہم کروانا چاہتے ہیں۔

عملہ آپ کے بچے کے عام روزمرہ کے معمول کو جاری رکھنے کے لیئے نگہداشت کے منصوبے پر عمل پیرا ہو گا جس میں ادویات کا بندوبست بھی شامل ہے ، جیسا کہ آپ کے ساتھ تبادلہ خیال اور اتفاق کیا گیا ہے۔ وہ آپ کے بچے کو اُن کی عمر ، صلاحیت اور ترجیح کے مطابق آرٹس اور دستکاری، حسی سرگرمیوں، کمپیوٹر گیمز، موسیقی، بورڈ گیمز، سنیما، ہائیڈروتھراپی (اگر قابل اطلاق ہو)، خریداری جیسی تمام سرگرمیوں کے ایک سلسلے میں حصہ لینے کا موقع فراہم کریں گے - آپ کو کیا لانے کی ضرورت ہے۔ ویب سائٹ پر ایک فہرست ہے کہ آپ کو، وہاں، قیام کے لیئے کیا لانے کی ضرورت ہوگی

www.each.org.uk/thingstobring

براہِ کرم اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کا بچہ جو بھی سامان لاتا ہے وہ صاف اور مقصد کے لیئے موزوں ہےو، اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ انفیکشن کنٹرول اور حفاظت کو یقینی بنانے کے لیئے اس کی خدمت تازہ ترین ہو۔ اگر آپ کا بچہ دوسرے ساز وسامان جیسے خصوصی بیٹھنے، کھڑا ہونے کے لیئے فریم یا نیند کے نظام کا استعمال کرتا ہے تو ہمارے ساتھ بات چیت کرنے کے لیئے آزادی محسوس کریں ، لہذا ہم ایک ساتھ مل کر فیصلہ کرسکتے ہیں کہ آیا یہ مفید ہو گا یا اس کو بھی ساتھ لایا جا سکتا ہے۔ ہمارے پاس بھی وہی سازو سامان ہوسکتا ہے جو آپ کا بچہ اپنے قیام کے دوران استعمال کرسکتا ہے۔

### اگر آپ اپنے بچے کو نہیں لا سکتے ہیں یا نہیں لے جا سکتے ہیں تو کیا کریں

اگر آپ اپنے بچے کو ہمارے پاس نہیں لا سکتے یا ہمارے پاس سے نہیں لے جاسکتے ہیں ، یا آپ گھر پر نہیں ہوں گے تو ، آپ اس کے بجائےکسی اور جیسے رشتہ دار ، دوست یا دیکھ بھال کرنے والا کو نامزد کرسکتے ہیں ۔ اس شخص کو آپ کے بچے کی ضروریات کی دیکھ بھال کرنے کے قابل ہونا چاہئے۔ آپ کو دیکھ بھال کی نشست سے پہلے عملے کو بتانے اور متبادل شخص کے لیئے رابطے کی تفصیلات دینے کی ضرورت ہے۔ آپ کو اپنے بچے کی ادویات کی جانچ پڑتال اور دیکھ بھال کا جائزہ لینے کے لیئے عملے کے ساتھ دیگر انتظامات کرنے کی ضرورت ہوگی۔

**جب آپ کا بچہ قیام کرتا ہے تو ہم سے بات چیت کرنا**

جب آپ پہنچیں تو، ہمارا عملہ آپ کے ساتھ آپ کے بچے کی دیکھ بھال کی منصوبہ بندی کا جائزہ لینے اور اُن کی ادویات کی جانچ پڑتال کرنے میں وقت صرف کرے گا۔ اُن کے قیام کے دوران، آپ کو آپ کے بچے کے ساتھ جیسے اکثر بات کرنے یا اُن کے متعلق پوچھ گچھ کرنے کے لیئے ہمیں فون کرنے کے لیئے خوش آمدید کہتے ہیں ۔ جب وہ قیام کر رہے ہوں تو آپ کی اجازت کے ساتھ، خاندان اور دوستوں کو آپ کے بچے سے ملنے کے لیئے خوش آمدید کہتے ہیں ۔

جب آپ اپنا بچہ لےکرجائیں، عملہ ان کے رُکنے یعنی سٹے کےمتعلق آپ سے بات کرنےکےلیےوقت صرف کرےگا۔ آپ کو شروعات میں اورہر سیشن یا سٹے کےاختتام پرحوالگی کےلیے کافی وقت دینے کی ضرورت ہوگی۔

## تاریخوں اور درخواستوں کی تفویض

وہ خاندان جو مختصر وقفے کی دیکھ بھال حاصل کرنے کے اہل ہیں ان کے پاس اپنی کچھ تفویض کے لیئے مخصوص تاریخوں کی درخواست کرنے کا موقع ہے۔ خاندان پاسپس میں دن کی دیکھ بھال کی نشستیوں یا رات بھر کی نشستیوں کی یا دن کے دوران اپنے گھر میں نگہداشت فراہم کرنے کی درخواست کا انتخاب کرسکتے ہیں۔ خاندان تاریخوں کی درخواست نہ کرنے کا فیصلہ کرسکتے ہیں ، لیکن بیڈ بُک کرنے والی ٹیم کے ذریعہ مختصر وقفے تفویض کرنے کا فیصلہ کرسکتے ہیں۔ اس سے تفویض کے عمل کی لچک میں اضافہ ہوتا ہے اور ہم ان تاریخوں کے متعلق جن کی درخواست دوسرے خاندانوں نے کی ہوتی ہے، اُن کو بُک( پہلے سے محفوظ ) کرنے کے قابل ہوتے ہیں۔ اسی طرح کچھ خاندان ہمیں تاریخوں کے متعلق مطلع کرنے کا انتخاب کریں گے جو وہ یقینی طور پر نہیں کر سکتے ہیں، پھر ہمیں پتہ چلتا ہے کہ کونسی تاریخیں اُن نہیں دینی۔ کچھ مواقع پر ہمارے لیئے مختصر نوٹس پر اپنی خدمات کو منسوخ کرنا ضروری ہوسکتا ہے، مثال کے طور پر اگر عملے کو زندگی کے اختتام کی دیکھ بھال فراہم کرنے کے لیئے درکار ہو یا عملے کی بیماری کی وجہ سے۔ اگر ایسا ہوتا ہے تو، ہم جتنی جلدی ممکن ہوا آپ کو بتا دیں گے۔ اگر آپ دیکھ بھال کو منسوخ کرنا چاہتے ہیں تو، براہ کرم جتنی جلدی ممکن ہو ہمیں کال کریں۔

**ادویات**

جب آپ کا بچہ ہاسپس یعنی مریض خانے میں رہنے کے لیئے آتا ہے تو ، ہماری نرسوں اور نگہداشت کے معاونین کو آپ کے بچے کی دوا کو محفوظ طریقے سے دینے کے قابل ہونے کے لیئے مندرجہ ذیل کی ضرورت ہوتی ہے۔

- تمام ڈبوں/ بوتلوں کو واضح طور پر دوا دینے کے لیئے صحیح نام، صحیح تاریخ اور صحیح فریکوئنسی یعنی تعدد کے ساتھ چٹ پر لکھا ہونا چاہئے (براہ کرم میعاد ختم ہونے کی تاریخوں کی جانچ پڑتال کریں اور مائع ادویات پر اس تاریخ کو لکھیں جس تاریخ کو کھولا گیا تھا)۔
- نسخے کا ثبوت- یہ ایک سبز اعادہ کرنے والا نسخے کی پرچی یا کلینک کا حالیہ خط ہوسکتا ہے (یہ داخلے کے وقت فوٹو کاپی کیا جاسکتا ہے تاکہ آپ اسے دوبارہ گھرلے جاسکیں)۔
- قیام کی مدت کے لیئے ہر دوا پوری ہونے کے لیئے کافی ہو۔
- ہمارے پاس بچے کے قیام کے دوران دوا کی میعاد ختم نہیں ہونی چاہئے۔
- اگر آپ کا بچہ / نوجوان شخص بکل میڈازولم دوا (پہلے سے بھرا ہوا سرنجیں) کا استعمال کرتا ہے تو ، جس کنٹینریعنی ڈبےمیں سرنج رکھی جاتی ہے ، اسے داخلے پر مہر بند ہونے کی ضرورت ہوتی ہے (پلاسٹک کی مہر برقرار رہنی چاہئے)۔
- آپ کے قیام کی مدت کے لیئے آپ کے بچے کی تمام ادویات کا انتظام کرنے کے لیئے کافی سرنجیں۔

اگر کنٹینریعنی ڈبے پر نسخے کی چٹ کی معلومات میں غلط خوراک ہے (مثال کے طور پر خوراک کی حالیہ تبدیل کی وجہ سے ہو گیا ہے یا غیر لیبل شدہ ہے)، براہ کرم آپ لا سکتے ہیں:

- صحیح ادویات اور خوراک کے ساتھ مقرر کردہ ایک حالیہ کلینک کا خط یا ایک حالیہ نسخہ (سبز کاغذ) یا
- ہاسپس یعنی مریض خانے کو کال کریں اورنسخے کے ای اے سی ایچ کے تصدیقی فارم کی ایک کاپی طلب کریں جسے آپ تبدیلی کی تصدیق کرنے کے لیئے کنسلٹنٹ کے دستخط کروانے کے لیئے کلینک لے جا سکتے ہیں۔

فوڈ سپلیمنٹس، وٹامنز اور تجویز کردہ کریموں کی بھی کلینک کے خط یا نسخے کے ذریعہ تصدیق کی جانی چاہئے۔

داخلے کے عمل کے ایک حصے کے طور پر نرس یا نگہداشت کے معاون کی ضرورت ہوگی؛

- میڈیسن ایڈمنسٹریشن ریکارڈ یعنی دوائی کا انتظامی ریکارڈ (ایم اے آر) مکمل کریں جو ان تمام ادویات کو ریکارڈ یعنی قلم بند کرتے ہیں جو آپ کا بچے / نوجوان شخص فی الحال لے رہا ہے۔
- اس بات کی تصدیق کریں کہ کون سی ادویات کی ضرورت ہے اور کون سی پہلے ہی دی جا رہی ہیں ۔
- خوراک، طریقے ، طاقت یا دوا کی قسم کے متعلق کسی بھی فرق یا خدشات کو واضح کریں ۔
- آپ کے بچے یا نوجوان شخص کے ریکارڈ میں میں بات چیت درج کریں اور انتظامیہ کی ہدایات کی تصدیق کریں۔

اگر آپ پریشان ہیں کہ آپ کے پاس یہ معلومات نہیں ہوسکتی ہیں تو ، براہ کرم آپ نرس انچارج یا ڈپٹی سروس مینیجر کے ساتھ تبادلہ خیال کرنے کے لیئے داخلے سے پہلے ہاسپس یعنی مریض خانے کو فون کرسکتے ہیں ، تاکہ آپ کے پہنچنے سے پہلے ایک محفوظ منصوبہ بنایا جاسکے۔ ایسا کرنے میں ناکامی کے نتیجے میں ہمارا عملہ آپ کے بچے / نوجوان شخص کو داخل کرنے کے قابل نہیں ہوسکتا ہے اور افسوس کی بات ہے کہ قیام منسوخ ہوسکتا ہے۔

### ہسپتال میں منتقلی

اگر آپ کے بچے کو گھر پر یا ہاسپس میں ہماری دیکھ بھال کے دوران ہسپتال میں داخل ہونے کی ضرورت ہے تو، انہیں ہنگامی خدمات کے ذریعہ مقامی ہسپتال میں منتقل کیا جائے گا۔ ایک بار جب عملہ پیرامیڈک ٹیم کے حوالے کر دیتا ہے تو ، پھر پیرامیڈکس دیکھ بھال کی جاری فراہمی کی ذمہ داری قبول کرتے ہیں۔ اس بات کا امکان ہے کہ عملے کے لیئے یہ ممکن نہ ہو کہ وہ آپ کے بچے کو سپتال لے جائے ۔ ہم جتنی جلدی ممکن ہو سکا صورت حال کے متعلق آپ کو بتائیں گے۔

### کسی ہنگامی صورتحال کی صورت میں

آپ کو ہنگامی رابطہ شیٹ مکمل کرنے کے لیئے کہا جائے گا اور ہر دیکھ بھال کی نشست سے پہلے ان تفصیلات کی تصدیق کی جانی چاہئے۔ اگر آپ رابطے کے لیئے دستیاب نہیں ہوں گے تو، آپ کسی اور کو نامزد کرسکتے ہیں جس سے ہم آپ کی طرف سے رابطہ کرسکتے ہیں۔ کبھی کبھار ہاسپس یعنی مریض خانہ کو مختصر نوٹس پر مختصر وقفے کی دیکھ بھال کو بند کرنے یا منسوخ کرنے کی ضرورت ہوسکتی ہے۔ اگر آپ اپنے بچے کو لینے کے لیئے دستیاب نہیں ہوتے ہیں تو آپ کو ہمیں ایک نامزد فرد کی تفصیلات فراہم کرنا ضروری ہے جو آپ کے بچے کی دیکھ بھال کرنے کے قابل ہے، اور جو انہیں لےسکتا ہے۔

ایک غیر متوقع ہنگامی صورتحال کی صورت میں، جو آپ کوطے شدہ وقت پر  گھر واپس  آنے یا اپنے بچے کو لینے   سے روکتی ہے تو ، براہ کرم فوری طور پر ہمارے عملے سے رابطہ کریں۔ اگر آپ طے شدہ وقت تک واپس نہیں آتے  ہیں یا رابطہ نہیں کیا ہے تو ، عملہ فراہم کردہ ہنگامی تفصیلات کا استعمال کرے گا۔ اگر ہم آپ سے رابطہ نہیں کرسکتے ہیں تو، ہم سماجی نگہداشت  کی ایمرجنسی  یعنی ہنگامی ڈیوٹی ٹیم کواِس بات کو یقینی بنانے کے لیئے  مطلع کریں گے  کہ آپ کی واپسی تک آپ کے بچے کی محفوظ طریقے سے دیکھ بھال کرنا  جاری رہے ۔

**ہماری ٹیموں سے رابطہ کیسے کریں**

ای اے سی ایچ   سیمپٹم  مینجمنٹ نرسنگ سروس 0808 1969495; each.each.smns@nhs.net

ای اے سی ایچ دی   ٹری ہاؤس (سفولک اور ایسیکس) 01473 271334; ipswichadmin@each.org.uk

ای اے سی ایچ  ملٹن (کیمبرج شائر) 01223 815100; eachmiltonadmin@each.org.uk

ای اے سی ایچ  دی نوک (نورفوک) 01603 967596; nook.admin@each.org.uk

www.each.org.uk/contact-us

East Anglia's Children's Hospices (EACH) – www.each.org.uk – Royal Patron: HRH The Princess of Wales
EACH is a registered charity (no. 1069284) and relies on voluntary donations for the majority of its income.
Leaflet available in other formats on request (including other languages, braille and Easy Read).